الْقَفْرُ وَالصَّخْرُ وَالْوَعْرُ وَالسَّهْلُ وَالرَّمْلُ وَالْحَجَرُ وَالْمَدَرُ
وَاَسْرَيْتَ بِهٖ لَيْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَى الْمَسْجِدِ
الْاَقْصٰی اِلَی السَّمٰوٰتِ الْعُلٰی اِلٰی سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰی اِلٰی
قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰی وَاَرَيْتَهُ الْاٰيَةَ الْكُبْرٰی وَاَنَلْتَهُ
الْغَايَةَ الْقُصْوٰی وَاَكْرَمْتَهٗ بِالْمُخَاطَبَةِ وَالْمُرَاقَبَةِ
وَالْمُشَافَهَةِ وَالْمُشَاهَدَةِ وَالْمُعَايَنَةِ بِالْبَصَرِ وَ
خَصَّصْتَهٗ بِالْوَسِيْلَةِ الْعُظْمٰی وَالشَّفَاعَةِ الْكُبْرٰی
يَوْمَ الْفَزَعِ الْاَكْبَرِ فِی الْمَحْشَرِ وَجَمَعْتَ لَهٗ جَوَامِعَ الْكَلِمِ
وَجَوَاهِرَ الْحِكَمِ وَجَعَلْتَ اُمَّتَهٗ خَيْرَ الْاُمَمِ وَغَفَرْتَ
لَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ وَمَا تَاَخَّرَ الَّذِیْ بَلَّغَ الرِّسَالَةَ وَاَدَّی
الْاَمَانَةَ وَنَصَحَ الْاُمَّةَ وَكَشَفَ الْغُمَّةَ وَجَلَی الظُّلْمَةَ
وَجَاهَدَ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَعَبَدَ رَبَّهٗ حَتّٰی اَتَاهُ الْيَقِيْنُ ؕ
اَللّٰهُمَّ ابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا يَغْبِطُهٗ فِيْهِ الْاَوَّلُوْنَ
وَالْاٰخِرُوْنَ ؕ اَللّٰهُمَّ عَظِّمْهُ فِی الدُّنْيَا بِاِعْلَاءِ ذِكْرِهٖ
وَاِظْهَارِ دِيْنِهٖ وَاِبْقَاءِ شَرِيْعَتِهٖ وَفِی الْاٰخِرَةِ
بِشَفَاعَتِهٖ فِیْ اُمَّتِهٖ وَاَجْزِلْ اَجْرَهٗ وَمَثُوْبَتَهٗ
وَاَبْدِ فَضْلَهٗ لِلْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ بِالْمَقَامِ الْمَحْمُوْدِ

وَتَقَدُّمِهٖ عَلٰى كَافَّةِ الْمُقَرَّبِيْنَ بِالشُّهُوْدِ ۝ اَللّٰهُمَّ
تَقَبَّلْ شَفَاعَتَهُ الْكُبْرٰى وَارْفَعْ دَرَجَتَهُ الْعُلْيَا
وَاَعْطِهٖ سُؤْلَهٗ فِى الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰى كَمَا اٰتَيْتَ
اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ مِنْ اَكْرَمِ
عِبَادِكَ عَلَيْكَ شَرَفًا وَّكَرَامَةً وَّمِنْ اَرْفَعِهِمْ
عِنْدَكَ دَرَجَةً وَّمِنْ اَعْظَمِهِمْ عِنْدَكَ
خَطَرًا وَّمِنْ اَمْكَنِهِمْ عِنْدَكَ شَفَاعَةً ۝ اَللّٰهُمَّ
عَظِّمْ بُرْهَانَهٗ وَاَفْلِجْ حُجَّتَهٗ وَاَبْلِغْهُ مَاْمُوْلَهٗ فِىْ
اَهْلِ بَيْتِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ اَللّٰهُمَّ اَتْبِعْهُ مِنْ ذُرِّيَّتِهٖ
وَاُمَّتِهٖ مَا تَقَرُّ بِهٖ عَيْنُهٗ وَاجْزِهٖ عَنَّا خَيْرَ مَا جَزَيْتَ
بِهٖ نَبِيًّا عَنْ اُمَّتِهٖ وَاجْزِ الْاَنْبِيَآءَ كُلَّهُمْ خَيْرًا ۝ اَللّٰهُمَّ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا شَاهَدَتْهُ
الْاَبْصَارُ وَسَمِعَتْهُ الْاٰذَانُ ۝ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ
عَدَدَ مَنْ صَلّٰى عَلَيْهِ وَسَلِّمْ عَدَدَ مَنْ لَّمْ يُصَلِّ
عَلَيْهِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ كَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى
اَنْ نُّصَلِّيَ عَلَيْهِ ۝ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ كَمَا اَمَرْتَنَا
اَنْ نُّصَلِّيَ عَلَيْهِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ كَمَا يَنْبَغِىْ
اَنْ يُّصَلّٰى عَلَيْهِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ نَعْمَآءِ
اللّٰهِ تَعَالٰى وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاِفْضَالِهٖ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَوْلَادِهٖ وَاَحْفَادِهٖ
وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ وَعِتْرَتِهٖ وَعَشِيْرَتِهٖ
وَاَظْهَارِهٖ وَاَصْهَارِهٖ وَاَخْتَانِهٖ وَاَحْبَابِهٖ وَاَتْبَاعِهٖ وَ
اَشْيَاعِهٖ وَاَنْصَارِهٖ خَزَنَةِ اَسْرَارِهٖ وَمَعَادِنِ اَنْوَارِهٖ
كُنُوْزِ الْحَقَائِقِ وَهُدَاةِ الْخَلَائِقِ نُجُوْمِ الْاِهْتِدَاءِ لِمَنِ
اقْتَدٰى بِهِمْ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا دَائِمًا اَبَدًا وَّارْضَ عَنْ
كُلِّ الصَّحَابَةِ رِضًى سَرْمَدًا عَدَدَ خَلْقِكَ وَزِنَةَ عَرْشِكَ
وَرِضَاءَ نَفْسِكَ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ كُلَّمَا ذَكَرَكَ الذَّاكِرُوْنَ
وَغَفَلَ عَنْ ذِكْرِكَ الْغَافِلُوْنَ صَلٰوةً تَكُوْنُ لَكَ رِضَاءً
وَّلِحَقِّهٖ اَدَاءً وَّلَنَا صَلَاحًا وَاٰتِهِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَالدَّرَجَةَ
الْعَالِيَةَ الرَّفِيْعَةَ وَابْعَثْهُ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ وَاللِّوَاءَ الْمَعْقُوْدَ
وَالْحَوْضَ الْمَوْرُوْدَ وَصَلِّ يَارَبِّ عَلٰى جَمِيْعِ اِخْوَانِهٖ مِنَ
الْاَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَالْاَوْلِيَاءِ وَالصَّالِحِيْنَ وَمَلٰئِكَتِكَ
الْمُقَرَّبِيْنَ وَعَلٰى سَيِّدِنَا الشَّيْخِ مُحْيِ الدِّيْنِ اَبِيْ مُحَمَّدٍ
عَبْدِ الْقَادِرِ الْمَكِيْنِ الْاَمِيْنِ صَلَوَاتُ عَلَيْهِمْ
اَجْمَعِيْنَ ٥ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ
سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ السَّابِقِ لِلْخَلْقِ نُوْرُهٗ وَرَحْمَةٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ
ظُهُوْرُهٗ عَدَدَ مَامَضٰى مِنْ خَلْقِكَ وَمَابَقِيَ وَمَنْ
سَعِدَ مِنْهُمْ وَمَنْ شَقِيَ صَلٰوةً تَسْتَغْرِقُ الْعَدَّ وَتُحِيْطُ

بِالْحَدِّ صَلٰوةً لَّاغَايَةَ لَهَا وَلَا اِنْتِهَآءَ وَلَا اَمَدَ لَهَا وَلَا
اَنْقِضَآءَ صَلٰوتِكَ الَّتِىْ صَلَّيْتَ عَلَيْهِ صَلٰوةً مَّعْرُوْضَةً
عَلَيْهِ مَقْبُوْلَةً لَّدَيْهِ مَحْبُوْبَةً اِلَيْهِ صَلٰوةً دَآئِمَةً بِدَوَامِكَ
وَبَاقِيَةً بِبَقَآئِكَ لَا مُنْتَهَا لَهَا دُوْنَ عِلْمِكَ صَلٰوةً
تُرْضِيْكَ وَتُرْضِيْهِ وَتَرْضٰى بِهَا عَنَّا صَلٰوةً تَمْلَاءُ الْاَرْضَ
وَالسَّمَآءَ صَلٰوةً تَسْتَجِيْبُ بِهَا دُعَآءَنَا وَتُزَكِّىْ بِهَا نُفُوْسَنَا
وَتُحْيِىْ بِهَا قُلُوْبَنَا وَتَحُلُّ بِهَا الْعُقَدَ وَتُفَرِّجُ بِهَا الْكُرَبَ وَتُجْرِىْ
بِهَا لُطْفَكَ فِىْ اَمْرِىْ وَاُمُوْرِ الْمُسْلِمِيْنَ ۞ وَبَارِكْ لَنَا عَلَى
الدَّوَامِ وَعَافِنَا وَاهْلِنَا وَاَمْدِدْنَا وَاجْعَلْنَا اٰمِنِيْنَ وَيَسِّرْ لَنَا
اُمُوْرَنَا مَعَ الرَّاحَةِ لِقُلُوْبِنَا وَاَبْدَانِنَا وَالسَّلَامَةِ وَالْعَافِيَةِ
فِىْ دِيْنِنَا وَدُنْيَانَا وَاٰخِرَتِنَا وَتَوَفَّنَا عَلَى الْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ
وَاجْمَعْنَا مَعَهٗ فِى الْجَنَّةِ مِنْ غَيْرِ عَذَابٍ بِئِيْسٍ
وَّاَنْتَ رَاضٍ عَنَّا وَلَا تَمْكُرْ بِنَا وَاخْتِمْ لَنَا مِنْكَ بِخَيْرٍ
وَّعَافِيَةٍ بِلَا مِحْنَةٍ اَجْمَعِيْنَ ۞ سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ
الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۞ وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ۞ وَالْحَمْدُ
لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۞ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۞

تمام شد کبریت احمر

درود مستغاث شریف

یہ درود شریف حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا ہے۔ بڑی قبولیت اسمیں ہے

جب پیشوا سے اسکی اجازت ہو تو یکبار اِسکو پڑھنا شروع کردے۔ اگر حکم زکوٰۃ کا ہو۔ تو زکوٰۃ ادا کرے۔ زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے۔ کہ بدھ کے روز سے شروع کرے۔ اول روز یکبار۔ دوسرے روز دوبار تیسرے روز تین بار۔ اسیطرح ایکبار روزانہ بڑھاتا ہوا گیارہویں روز گیارہ بار تک عروج کرے۔ بارہویں روز دس بار تیرھویں روز نو بار نزول کرتے کرتے اکیسویں یکبار پڑھے۔ بعدہٗ بعد نماز فجر یکبار وظیفہ روز مقرر رکھے۔ زکوٰۃ کے دنوں میں روزہ رکھے۔ اور اشیاء جلالی مثل گوشت پیاز۔ لہسن۔ مچھلی وغیرہ حتیٰ کہ جماع تک سے بھی پرہیز رکھے۔ اور پڑھتے وقت اپنے پاس خوشبو رکھے۔ اور پارچات سفید و پاک پہنکر اوپر لگائے۔ اور پڑھنے کی ایک جگہ مقرر رکھے۔ زکوٰۃ سے پہلے اور پیچھے حلوے وغیرہ پر فاتحہ حضرت رسالتمآب صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلّم و حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا و ارواحِ خواجگان نقشبند و چشتیہ نظامیہ دیگر درویشوں میں تقسیم کردو۔ اور عافیت دارین کی دعا مانگو۔

هٰذِهٖ دُرُوْدُ مُسْتَغَاث شَرِيْف

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ زَيَّنَ النَّبِيّٖنَ بِحَبِيْبِهِ الْمُصْطَفٰى وَمَنَّ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ بِنَبِيِّهِ الْمُجْتَبٰى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَيْرِ الْوَرٰى ۝ اَلْمُسَيَّرُ بِهٖ مِنْ فَوْقِ الْعَرْشِ اِلٰى تَحْتِ الثَّرٰى ۝ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى مَا مَضٰى وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى مَا بَقِىَ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَيْرِ الْوَرٰى

مَدَحْتُكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ اَنْتَ خِيَارُ
اللّٰهِ ۵ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَتِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ
يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ؕ رَسُوْلُ سَيِّدِ الْكَوْنَيْنِ فَتَّاحُ فَاتِحُ اللّٰهِ ۵
اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَتِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ
يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ؕ اَلنَّبِيُّ الْمُصْطَفٰى رَسُوْلُ سِرَاجِ الْعٰلَمِيْنَ
مَحْمُوْدُ مُطَيَّبُ اللّٰهِ ۵ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَتِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ
وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ؕ اَلسَّيِّدُ الْمُعَلّٰى رَسُوْلُ نَبِيِّ
الْخَافِقَيْنِ قَاسِمُ خَيْرِ خَلْقِ اللّٰهِ ۵ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَتِ
اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ؕ
اَوْلٰى مِنْ عِبَادِ اللّٰهِ رَسُوْلُ صَاحِبِ الدَّارَيْنِ خَادِمُ
طَيِّبُ اللّٰهِ ۵ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَتِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ
وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ؕ اَلنَّبِيُّ الْمَكِّيُّ رَسُوْلُ
تَاجِ الْحَرَمَيْنِ نَاهٍ طَاهِرُ اللّٰهِ ۵ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَتِ اللّٰهِ
تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ؕ هٰذَا اَنَا
رَسُوْلُ جَدِّ الطَّيِّبَيْنِ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ دَاعٍ مُطَهَّرُ
اللّٰهِ ؕ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَتِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ
عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ؕ نَبِيٌّ مُخْتَارٌ مُرْتَضٰى اِمَامُ
رَسُوْلُ مُقْتَدَى الْاَئِمَّةِ الْمُهْتَدِيْنَ هَادٍ مُبِيْنُ اللّٰهِ
اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَتِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ

يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هَادِىْ اَنَا رَسُوْلُ مَهْدِيٌّ مِّنَ الضَّلَالَةِ
مُهْتَدٍ مُطِيْعُ اللّٰهِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَتِ اللّٰهِ تَعَالٰى
اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ حَبِيْبُنَا رَسُوْلُ
مُهْدِى الْاُمَّةِ وَرَسُوْلُ صَفِيٌّ حُجَّةُ اللّٰهِ اَلْمُسْتَغَاثُ
اِلٰى حَضْرَتِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ
يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدُ مُجْتَبَانَا اَحْمَدُ
رَسُوْلُ كَرِيْمُ مَرْضِيٌّ خَلِيْفَةُ اللّٰهِ اَلْمُسْتَغَاثُ
اِلٰى حَضْرَتِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ
يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ رَسُوْلُنَا رَسُوْلُ عَلَى الدِّ وَامِرُ نَبِيٌّ طٰهٰ
قَائِمُ حَامِدُ اللّٰهِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَتِ اللّٰهِ تَعَالٰى
اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ سُلْطَانُ الْاَنْبِيَاءِ
رَسُوْلُ صَاحِبُ الْفُرْقَانِ مَلِيٌّ مَكِّيٌّ شَكُوْرُ اللّٰهِ اَلْمُسْتَغَاثُ
اِلٰى حَضْرَتِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ
اِمَامُ الْاَتْقِيَاءِ رَسُوْلُ صَاحِبُ الْكَوْثَرِ مَدَنِيٌّ مُنِيْرُ اللّٰهِ
اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَتِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ
عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ سِرَاجُ الْاَوْلِيَاءِ رَسُوْلُ صَاحِبُ
الْمِيْزَانِ الطَّحِيُّ قَرِيْبُ اللّٰهِ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَتِ
اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ
بُرْهَانُ الْاَصْفِيَاءِ رَسُوْلُ سَيِّدُ الْقَوْمِ عَرَبِيٌّ يَتِيْمُ اللّٰهِ

اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی حَضْرَتِ اللّٰہِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ
یَارَسُوْلَ اللّٰہِ ؕ شَفِیْعُنَا رَسُوْلُ مُجْرَاہُ الْمَھْدِیُّ قُرَیْشِیٌّ
شَھِیْدُ اللّٰہِ ؕ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی حَضْرَتِ اللّٰہِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوۃُ
وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ ؕ اِمَامُ الْمُؤْمِنِیْنَ وَزِیْنَۃُ
الْاَنْبِیَآءِ رَسُوْلُ خَاتِمُ الْفُقَرَآءِ حِجَازِیٌّ نَذِیْرُ اللّٰہِ ؕ
اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی حَضْرَتِ اللّٰہِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ
عَلَیْكَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ ؕ خَتْمُ الْاَنْبِیَآءِ رَسُوْلُ
مَاحِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ ؕ اَلْمُسْتَغَاثُ
اِلٰی حَضْرَتِ اللّٰہِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا
رَسُوْلَ اللّٰہِ ؕ صَادِقُنَا رَسُوْلُ مُرْسَلُ مُتَوَسِّطُ
رَحِیْمُ اللّٰہِ ؕ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ
سَیِّدُنَا رَسُوْلُ مُسْتَغِیْثُ مُقْتَصِدُ حَلِیْمُ اللّٰہِ ؕ
اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی حَضْرَتِ اللّٰہِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ
عَلَیْكَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ ؕ اَغِثْنَا یَارَسُوْلُ الثَّقَلَیْنِ اَنْتَ
حَقٌّ مُّنِیْبُ اللّٰہِ ؕ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی حَضْرَتِ اللّٰہِ تَعَالٰی
اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ ؕ وَاعِظُنَا رَسُوْلُ
وَرَسُوْلُہُ الْمُجْتَبٰی اَوَّلُ حَبِیْبُ اللّٰہِ ؕ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی
حَضْرَتِ اللّٰہِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ
اَکْرَمُنَا رَسُوْلُ صَاحِبُ الشَّرِیْعَۃِ اٰخِرُ عَزِیْزُ اللّٰہِ ؕ

اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی حَضْرَتِ اللّٰہِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ
عَلَیْكَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ ؕ اَھْلُ التَّقْوٰی رَسُوْلُ صَاحِبُ
الطَّرِیْقَۃِ شِفَاءٌ فَصِیْحُ اللّٰہِ ؕ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی حَضْرَتِ اللّٰہِ
تَعَالٰی اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ ؕ اٰمَنَّا
بِكَ اَنْتَ نَبِیُّنَا رَسُوْلُ صَاحِبُ الْحَقِیْقَۃِ مُضَرِیٌّ
بَشِیْرُ اللّٰہِ ؕ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی حَضْرَتِ اللّٰہِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوۃُ
وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ ؕ اِمَامُ الْاُمَمِ
سَیِّدُنَا مُحَمَّدٌ صَاحِبُ الْمَعْرِفَۃِ بُرْھَانُ رَحْمَتِ اللّٰہِ
اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی حَضْرَتِ اللّٰہِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ
عَلَیْكَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ ؕ کَبِیْرُنَا رَسُوْلُ صَاحِبُ الْجَنَّۃِ
ظَاھِرٌ کَرِیْمُ اللّٰہِ ؕ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی حَضْرَتِ اللّٰہِ تَعَالٰی
اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ ؕ سَنَدُ
الْعَاصِیْنَ رَسُوْلُ صَاحِبُ الْجَنَّۃِ فَارِقُ جَھَنَّمَ
سُلْطَانٌ تِھَامِیٌّ مُؤْمِنُ اللّٰہِ ؕ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی حَضْرَتِ
اللّٰہِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ
فَقِیْھُنَا رَسُوْلُ صَاحِبُ الصِّرَاطِ مُبَلِّغٌ عَاقِبُ اللّٰہِ ؕ
اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی حَضْرَتِ اللّٰہِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ
یَارَسُوْلَ اللّٰہِ ؕ اٰمَنَّا بِكَ اَنْتَ وَلِیُّنَا رَسُوْلُ صَاحِبُ
الشَّفَاعَۃِ بَاطِنٌ خَلِیْلُ اللّٰہِ ؕ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی حَضْرَتِ اللّٰہِ تَعَالٰی

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ ؕ شَہِیْدُ
عَوَامِنَا رَسُوْلُ صَاحِبُ التَّاجِ مُحَلِّلُ بِاِذْنِ اللّٰہِ ؕ
اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی حَضْرَتِ اللّٰہِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ
عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ ؕ وَمِنَ النَّارِ مُخَلِّصُنَا رَسُوْلُ
صَاحِبُ الْمِحْرَابِ حَاشِرُ نَبِیُّ اللّٰہِ ؕ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی
حَضْرَتِ اللّٰہِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ
اللّٰہِ ؕ اَفْضَلُ مِنَ النَّبِیِّیْنَ وَالصَّلِّ یُقِیْنَ مَحْبُوْبُنَا
رَسُوْلُ صَاحِبُ الْمِنْبَرِ خَطِیْبُ رَحْمَۃِ اللّٰہِ ؕ
اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی حَضْرَتِ اللّٰہِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ
عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ ؕ مُبَشِّرُنَا رَسُوْلُ صَاحِبُ
الْبَیْتِ عَامِرُ کَعْبَۃِ اللّٰہِ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا
رَسُوْلَ اللّٰہِ ؕ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی حَضْرَتِ اللّٰہِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوۃُ
وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ ؕ اَکْبَرُنَا رَسُوْلُ صَاحِبُ
الْمِعْرَاجِ عَالِمُ غَنِیُّ اللّٰہِ ؕ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی حَضْرَتِ
اللّٰہِ تَعَالٰی اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ ؕ
نَبِیُّ اٰخِرِ الزَّمَانِ رَسُوْلُ صَاحِبُ الْاِجْتِہَادِ
مُنْتَقِمُ مُمَکِّنٌ مِّنَ اللّٰہِ ؕ اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰی حَضْرَتِ اللّٰہِ
تَعَالٰی اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ
وَفِی الدِّیْنِ صَادِقُنَا رَسُوْلُ صَاحِبُ الْقِیٰمَۃِ

نَاطِقُ شَفِيْعُ اللّٰهِ ط اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَتِ اللّٰهِ تَعَالٰى
اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ط مُشَفِّعُ
الْاُمَّةِ يُعِيْنُنَا بِالشَّفَاعَةِ رَسُوْلُ صَاحِبُ النُّبُوَّةِ
مُحَرَّمٌ نَبِيُّ اللّٰهِ ط اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَتِ اللّٰهِ تَعَالٰى
اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ط وَنَبِيُّ
الرَّحْمَةِ سَابِقُنَا رَسُوْلُ صَاحِبُ الدَّارَيْنِ حَرِيْصٌ
رَؤُفُ اللّٰهِ ط اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَتِ اللّٰهِ تَعَالٰى
اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ط سَيِّدُ
الْجِنِّ وَالْاِنْسِ نَاهٍ نَبِيُّنَا رَسُوْلُ صَاحِبُ النِّعْمَةِ
هَاشِمِيٌّ كَرَامَةُ اللّٰهِ ط اَلْمُسْتَغَاثُ اِلٰى حَضْرَتِ
اللّٰهِ تَعَالٰى اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ
مُقَرِّبُنَا رَسُوْلُ اِلٰى رَحْمَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى مِائَةَ اَلْفِ
اَلْفِ صَلٰوۃٍ وَّسَلَامٍ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْمُصْطَفٰى
وَحَبِيْبِهِ الْمُجْتَبٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمْ
اَللّٰهُمَّ ارْحَمْ اَبَا بَكْرِنِ التَّقِيَّ وَعُمَرَ النَّقِيَّ وَ
عُثْمَانَ الزَّكِيَّ وَعَلِيًّانِ الْوَفِيَّ اَسَدَ اللّٰهِ الْمُرْتَضٰى
وَفَاطِمَةَ الزَّهْرَاءَ وَخَدِيْجَةَ الْكُبْرٰى وَعَائِشَةَ
الصِّدِّيْقَةَ الْعُلْيَا وَالْحَسَنَ الرِّضٰى وَالْحُسَيْنَ
الشَّهِيْدَ الْمُجْتَبٰى وَالشُّهَدَاءَ الْكَرْبَلَا وَالسَّعْدَ

وَالسَّعِيْدَ وَالطَّلْحَةَ وَالزُّبَيْرِ وَعَبْدَ الرَّحْمٰنِ ابْنَ عَوْفٍ وَّاَبَا عُبَيْدَةَ بْنَ الْجَرَّاحِ الْعَشَرَةَ الْمُبَشَّرِيْنَ وَسَائِرَ الصَّحَابَةِ وَالتَّابِعِيْنَ الْخُلَفَاءَ الرَّاشِدِيْنَ رِضْوَانُ اللهِ تَعَالٰى عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ ۞ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيَانِيْ صَغِيْرًا وَاغْفِرِ اللّٰهُمَّ لِجَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ اَلْاَحْيَاءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ

بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ؕ

ختم شد درود مستغاث شریف

مقامات ولائیت علیا و کمالات نبوت وغیرہ

جب اللہ تعالےٰ عزشانہٗ تمکو محض اپنے فضل و عنائیت اِن مقامات میں مشرف فرمائے۔ توتم اپنے دل میں غور کرو۔ کہ اب کس وظیفہ کی طرف رغبت ہی اوسی وظیفہ کی مداومت کرو۔ اور جب دل اوس سے رُک جائے۔ تو دیکھو کہ اب کس چیز کی خواہش ہے۔ اگر مراقبہ کو دل چاہتا ہے۔ تو مراقبہ کی کثرت کرو۔ اور اگر سب سے طبیعت ہٹ رہی ہے۔ تو غور کرو۔ کہ کوئی لغزش تو نہ ہوئی ہو۔ اگر معلوم ہو جائے۔ تو استغفار کی کثرت کرو۔ اگر پھر بھی نہ کھلے تو یہ استغفار جو حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا معمول تھا۔ کثرت کے ساتھ پڑھو۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَاَتُوْبُ اِلَى اللّٰهِ مِنْ جَمِيْعِ مَا كَرِهَ اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ ط

انشاء اللہ تعالےٰ ضرور طبیعت کھل جائیگی۔ اِن مقامات میں بہت سا حصہ وقت کا تنہائی اور غور و فکر میں لگانا چاہئے۔ اور اپنے دل کی ہر حرکت پر نظر رکھے۔ کہ اب کیا چاہتا ہے۔ اور کس کام کا طالب ہے۔ اگر خطرات و وساوس کا غلبہ ہو تو کلمہ شریف کے ساتھہ ہٹادو۔ اگر صاف و پاک ہو تو شکر خدا تعالےٰ بجالاؤ۔ اور کام میں لگے رہو۔ اِس مقام کے مناسب کچھہ ہدایات ہیں جو مناسب معلوم ہوتی ہیں۔ کہ درج کی جائیں۔ اُنکو اکثر دیکھتے رہیں۔ تاکہ ترقی میں معاونت کریں۔

۱۔ کسی پیر بھائی یا غیر کی پیشوا سے چغلی یا بُرائی ہرگز نہ کرو۔ اس فعل کے باعث پیشوا کے دل میں تمہاری بیوقعتی ہو جائیگی۔ جو تمہاری ترقی کی سخت ہارج ہوگی +

۲۔ جب کسی پیر بھائی پر مرشد اسکی نالائقیوں کی وجہ سے ناراض و غصہ ہوں۔ تو تم ایسی باتیں اسکی بنسبت عرض کرو۔ جن سے اُس پر رحم آکر پیشوا اِس سے راضی ہو جائیں۔ (غصہ کو بھڑکانے اور تیز کرنے والی باتیں ہرگز نہ کرو تمکو اُونکے غصوں اور رنجوں کا حال کچھہ معلوم نہیں۔ تم اُون کے باطنی تعلق سے بالکل بے خبر ہو۔) تاکہ پیشوا تم کو صلح پسند سمجھکر تم پر ہر وقت رحیم رہیں۔

۳۔ اگر کسی پیر بھائی پر مُرشد خوش ہوں۔ اور ترقی مدارج فرمائیں۔ تو تم حسد نہ کرو۔ بلکہ خوش ہو۔ اور یہ سمجھو کہ میرے روبرو جو یہ اظہار خوشی و ترقی ہو رہا ہے میری روح کو غیرت و حرص دلانیکے لئے فرمایا گیا ہے۔ آئندہ مَیں بھی یہی کام کروں۔ تاکہ مجھہ سے بھی پیشوا خوش ہو جائیں۔ حسد کرکے تم خود اپنا نقصان

کرو گے۔ دوسرے کا کچھ نہیں بگڑیگا +

۴ - ایام تعلیم طریقت میں قصہ کہانیوں اور بیہودہ مضامین کی کتابوں سے سخت پرہیز رکھو۔ نہ خود دیکھو نہ سنو۔ اِن سے دِل میں کدورت اتی ہے جو تعلیم میں سخت ہارج ہے۔ اگر بجائے ایسی واہیات کتابوں کے اخلاق حمیدہ سکھانے والی کتابوں یا پچھلے بزرگوں کے حالات کو دیکھو اور سنو۔ تو اُن سے تمکو دوہرا فائدہ ہے۔ اکسیر ہدائت۔ کشف المحجوب دیکھا کرو +

۵ - اگر کسی پیر بھائی کے دِل پر نفس و شیطان نے غلبہ کرکے پیشوا سے بدظن کر دیا ہو۔ اور تمہیں کسی طرح معلوم ہو جائے۔ تو تمہارا فرض ہے کہ اوّل اُسکے خدشہ کو پچھلے بزرگوں کے حالات کے ساتھہ اپنے پیشوا کے حالات کے ساتھہ تطابق دیکر وہ خطرہ دفع کرو۔ اگر پھر بھی نہ ہو اور وہ تمہارے سے نیچے مقام میں ہے۔ تو قوت باطنی سے ہمت کرکے نکال دو۔ اور استغفار و لاحول ولاقوۃ کی کثرت کے واسطے اسکو سمجھا دو۔ اگر کسی طرح نہ نکلے تو خاص وقت میں دعا کرو۔ شائد خدا تعالےٰ کو تمہاری دعا ہی کے طفیل اوسکو نکالنا ہو۔ اور تم خود یہ واقعہ پیشواء سے ہرگز ظاہر نہ کرو اگرچہ اور طرح سے اُنپر ظاہر بھی ہو جائے۔ اور وہ تم سے پوچھیں۔ تو اُن سے بھی اُسکے حق میں دعا کا طالب ہو +

۶ - جب پیشوا کسی کی نالائقیوں کے باعث اُس سے ناراض ہو جائیں۔ تو اُسکو چاہئے کہ کسی اپنے یا بیگانے سے اِس امر کو ظاہر نہ کرے۔ کیونکہ یہ راز خاص اُسکا پیر کے ساتھہ ہے۔ دوسرے کسی شخص کی اسمیں مداخلت نہیں۔ نہ کوئی دوسرا پیر کو اُس سے

راضی کرا دینے کی طاقت رکھتا ہے۔ ہاں خود اس ناراضگی کے دفعیہ کی فکر میں لگا رہے وہ یہ ہے۔ کہ تنہائی میں خدا تعالیٰ کے سامنے عجز و انکساری اور بے حد ندامت و ذلت کے ساتھ ملتجی ہو۔ کہ یا الٰہا میں نے جو میرا خاصۂ بشری تھا۔ تیرے مقبول بندے کو اپنے سے ناراض کیا۔ اب مجھ میں کسی طرح سے اوسکے راضی کرنے کی طاقت نہیں تو ہی ہر شے پر قادر ہے۔ تمام جہان کے دل تیرے ہی دو انگلیوں کے درمیان ہیں۔ تو اُنکو مجھ مسکین سے راضی کرنے کی طاقت و قدرت رکھتا ہے۔ ورنہ اور کوئی سبیل نہیں۔ اب تو ہی اپنی رحمت کاملہ کے ساتھ انکو مجھ سے راضی کر دے۔ جب تم اپنی تمام تدبیروں کو چھوڑ کر اُسکے عالی دربار میں پوری طرح سے گر جاؤگے تو انشاء اللہ تعالیٰ پیشوا راضی و خوش ہو جائینگے۔ کیونکہ مُرشد کی ناراضگی اہل دنیا کی سی نہیں ہے جو مرے بغیر نہ نکلے۔ بلکہ انکی ناراضگی محض خدا تعالیٰ کے واسطے ہے۔ جب تم اُسی ذات کے آگے جا گرے اور اپنی ہمت پست کر دی۔ تو یہ بھی خوش ہیں۔ اور انکی اصلی غرض یہی ہے۔ کہ تم خدائے تعالیٰ کے خالص بندے بن جاؤ۔ اپنی خواہشوں اور نفس و شیطان کے بندے نہ رہو +

۷۔ اگر کوئی شخص یہ ارادہ کر کے خدا تعالیٰ پر کامل بھروسہ کرے۔ کہ اے رب العٰلمین میں عاجز مسکین تیرے مقبول و کامل بندے کی تلاش اور دیکھنے کی قدرت نہیں رکھتا نہ مجھ میں بصیرت ہے نہ عقل۔ تو اپنی رحمت کاملہ کے ساتھ مجھے اپنے کامل بندے سے ملا دے۔ اور اس ارادے پر جما رہے۔ تو ضرور اسکو کوئی کامل مرد خدا ملیگا۔ پھر جب اسکی طرف انکا دل مائل ہو جائے تو بعد استخارہ بیعت کر لے۔ اور بیعت کے بعد پیشوا سے ہر دم ایسا مضبوط عقیدہ رکھے۔ کہ اگر پہاڑ اپنی جگہ سے ٹل جائے

تو بلا سے ۔ مگر اوسکو نفس و شیطان کسی حیلہ و مکر سے بھی نہ ہلا سکے ۔ اگر وہ ایسا پختہ عقیدہ اپنا کرے ۔ تو انشاء اللہ تعالیٰ وہ اس مرد کامل کے طفیل ضرور بالضرور خدا تعالیٰ سے واصل ہو کر رہیگا ۔ چاہے مرنے سے ایک ساعت پہلے ہی کیوں نہ ہو لے ۔ بلا وصل خداوندی ہرگز جہان سے نہ جائیگا ۔ اور یہی عین سعادت ہے ۔

۸ ۔ کامل مرد کی بیعت قلب کی بیع ہے پیر کے ہاتھ پر ۔ اگر کوئی بیوقوف پیر سے بدظن و منحرف ہوکر چاہے کہ مین بیعت سے آزاد ہو جاؤں ۔ یا فرض کر لے کہ ہو گیا ۔ یہ اسکی سراسر غلطی اور نفس و شیطان کی حماقت روحکی کمزوری و نالائقی ہے شرعی مسئلہ ہے کہ بائع کی مرضی سے بلا رضا مشتری بیع فسخ نہیں ہو سکتی ۔ جبکہ شے مبیعہ پر مشتری کو قبضہ دے چکا ہو ۔ اور پیر کامل کا قبضہ مرید کے قلب پر اسی وقت ہو جاتا ہے ۔ جبکہ اسنے محبت و خوشی سے اپنا ہاتھ پیر کے ہاتھ مین بیعت کیوقت دیدیا ۔ اب چھوڑنا اسکے بس کا نہیں ۔ پیر عدالت سے اس بیع کا قبضہ ہر وقت لے لینے کے مجاز ہیں ۔ ایکوقت ہوگا ۔ کہ بے حد ذلت و خواری اور ندامت و رسوائی کے ساتھ انکی (نفس و شیطان کی اغوا سے) ضد و ہٹ کے ساتھ جبراً بیع فسخ کر کے دل کو انہی کے قبضہ میں دیدینے کا ثمرہ انکو ملیگا ۔ اور پھر پچھتائینگے ۔ مگر بجز حسرت و افسوس کچھ ہاتھ نہ آئیگا +

۹ ۔ اگر مرشد تمکو کسی مصلحت کیوجہ سے بیعت کر لینے کی اجازت عطا فرما دیں تو تم اپنے مریدوں کو اپنا مرید نہ سمجھو ۔ بلکہ وہ سب اصل میں پیر ہی کے مرید ہیں جو مصلحتاً تمہارے زیر تعلیم ہیں ۔ انسے جو کچھ بھی تمکو نذر نیاز حاصل ہو وہ سب پیر کی ملک ہے بجنسہٖ بلا خیانت پیر کی خدمت میں پیش کر دو جبتک کہ تم اجازت تامہ سے مشرف نہ ہو جاؤ

۱۰- زمانہ سلوک میں اپنے تمام دلی جذبات خوابات وانکشافات کو کسی شخص سے
بجز اپنے مرشد کامل کے ظاہر نہ کرو۔ اگر وہ نزدیک نہ ہوں تو بہتر تو یہی ہے۔ کہ بذریعہ
خط انکو اطلاع دیدو۔ اور اگر یہ ممکن نہ ہو۔ کہ خود نہیں لکھ سکتے۔ تو اپنے اگلے مقام
والے پیر بھائی سے بشرطیکہ تمہارا اُسپر یقین ہو کہ وہ امین ہے۔ اور جواب باصوا
سنجیدگی سے دیتا ہے۔ اوس پر ظاہر کردو۔ مگر غیر سے ہرگز ظاہر نہ کرو۔ اسمیں نقصان ہے
۱۱- اگر تم پر نسبت باطنی کی کوئی کیفیت مثل انکشاف وغیرہ کے کچھ ظاہر نہ ہو۔
یا انوارات کے رنگ وغیرہ کچھ نہ معلوم ہوں۔ تو طریقہ کی تعلیم سے ہمت نہ ہار بیٹھو۔ کیونکہ
یہ تمام اُمور اصل مقصود نہیں ہیں۔ مقصود حقیقی اِس راستہ کی رضائے الٰہی
جلشانہٗ ہے۔ اسکے واسطہ تم اپنے دل میں غور و فکر کرو۔ کہ بیعت سے پہلے میرے
اندر کسقدر خصائل رذیلہ و کمینہ جو موجب ناراضگی حق تعالےٰ تھے۔ موجود تھے۔ اور
اب اِس عرصہ کے اندر اُنمیں سے کسقدر جاتے رہے۔ اور آئندہ کتنی عادتوں سے
مجھکو نفرت ہو چلی ہے۔ جب یہ فرق تمکو معلوم ہو جائے۔ تو سمجھو کہ ایک دن نہ ایکدن
ضرور یہ تمام بُری خصلتیں میرے اندر سے بہ طفیل اِس مرد کامل کے نیست و نابُود
ہو کر خدائے تعالیٰ کی رضا مجھ پر وارد ہو جائیگی۔ یہ نسبت اُن تو ہمات یہ غور و فکر تمکو
جلد منزل مقصود پر پہونچا دیگا +
۱۲- تمام اُمور میں خواہ تمہارے ذاتی ہوں۔ یا خانگی۔ بیاہ شادی ہو یا غمی ہر وقت
و ہر معاملہ میں پابندی شریعت اور اتباع سنت نبوی صلے اللہ علیہ والہ وسلم
کو مدنظر رکھو۔ اسکے خلاف ذرہ برابر نکرو۔ اگر تمہارے کہنے کو کُنبہ یا برادری نہ مانے تو
تم نرمی کے ساتھ پہلے اونکو سمجھاؤ۔ اگر وہ اپنی ضد پر ہی اڑے رہیں۔ تو تم اپنی ذات سے

دلی نفرت کے ساتھ الگ ہو جاؤ۔ تاکہ تم بھی اِس وبال میں نہ آجاؤ۔ کیونکہ تمہارا معاملہ خداتعالےٰ کے ساتھ خاص ہے۔ شریک ہونے سے تمہاری ترقی رُک جائیگی۔ بلکہ شائد گیا غالباً تنزل ہو جائے +

۱۳۔ عشق و محبت مرشدِ کامل کی آگ سے اپنے دِل کے اندر ہی اندر تمام خس و خاشاک غیر کو جلا کر نیست و نابود کر دو۔ ایک ذرہ برابر چنگاری بھی باہر نہ نکالو۔ ورنہ جلدی امتحان میں مبتلا ہو جاؤ گے +

۱۴۔ مرشدِ کامل کے امتحان سے ہمیشہ دل میں خوف رکھو۔ اور خدائیتعالیٰ سے ملتجی رہو کہ سخت امتحان سے بچائے۔ کیونکہ یہ دولتِ لازوال بغیر امتحان کسی طرح بھی مل نہیں سکتی۔ یہ خداتعالیٰ کا قانون مقرر شدہ ہے۔ جو پیش آئے بدوں نہیں رہ سکتا۔ لیکن جب امتحان میں پڑ ہی جاؤ۔ تو پھر ثابت قدمی استقلال و تحمل کی رسّی کو مضبوط ہاتھوں سے پکڑ لو۔ ہرگز نہ چھوڑو۔ بمصداق شعر ع ہر چہ بادا باد ما کشتی در آب انداختیم + کے صبر و تحمل عجز و مسکینی بیکسی و بےبسی کو اپنا عصا بنا کر تضرع و زاری کے ساتھ اندر ہی اندر دِل میں خداتعالیٰ مفتح الابواب سے ملتجی رہو۔ کہ میں عاجز و مسکین بندہ امتحان کے قابل ہرگز نہیں ہوں۔ تو اپنے محض فضل و احسان سے مجھے اگر پار نکالدے تو تو قادر ہے۔ کریم ہے۔ غفور ہے رحیم ہے۔ ورنہ بلا تیرے فضل کے میں اس بھنور سے ہرگز نہیں نکل سکتا۔ جب تم سچے دِل کے ساتھ ہر وقت اسطرح ملتجی ہوگے۔ تو انشاءاللہ تعالےٰ جلدی خلاص ہو جاؤ گے۔ اور تمہارے تمام ابتلاؤں کو وہ قادر کریم یکلخت دھند کے بادلوں کیطرح اُڑا دیگا۔ ورنہ

جسقدر تم تدابیر ظاہری کیطرف متوجہ ہوگے۔ اسیقدر زیادہ خراب و پشیمان ہوکر ذلیل ترین حالت میں پہونچ جاؤ گے +

۱۵۔ اپنے تمام بُرے افعال کو اپنے نفس کیطرف سے ہمیشہ سمجھتے رہو اور جو نیک کام تم سے ہوں۔ اونکو مرشدِ کامل کی ذات سے خیال کرو۔ کیونکہ نفس عدم محض ہے۔ جو منبع ہے شر و نقص کا اور مرشدِ کامل ذات احدیّت میں فانی ہوکر خیر و کمال وجود واجب سے حاصل کرچکی ہیں۔ بس مرشد کے نور نے تمہارے اندر آکر تم سے کار خیر کرایا۔ ورنہ تمہاری اصل ذات وہی شر و نقص ہے۔ خود سمجھہ لو +

۱۶۔ کامل مردِ خدا کے قریبی و بعیدی رشتہ داروں کو اِس خدا تعالےٰ کے پاک بندے کی اصلی و حقیقی وراثت و دولت حاصل کرنے میں بہت کوشش کرنی چاہیئے۔ حالانکہ وہ اس گمان میں ہیں کہ یہ دولت ہماری گھر کی لونڈی ہے اب کہاں جاسکتی ہے۔ اس لازوال نعمت سے بالکل محروم رہ جاتے ہیں چونکہ ہر وقت فیوض و برکات جو مرد کامل پر نازل رہتے ہیں۔ اُونکے پرتو صحبت کی وجہ سے۔ وہ اثر انکو ہر وقت مگن رکھتا ہے اور وہ اسی خیال میں خوش رہتے ہیں۔ کہ تمام جہان ہمارا غلام ہے۔ اور اُس شئے کے حاصل کرنے کیطرف شوق و محبت اور طلبِ صادق کے ساتھہ رغبت نہیں کرتے۔ جسکی وجہ سے جہان اُنکا غلام بنا ہوا ہے۔ بلکہ سمجھتے ہیں۔ کہ یہ مرد آپ ہی اپنے تمام کمالات ہمکو بوجہ محبت خاندانی مفت بلا محنت وغیرہ کے اخیر میں عطا کردیگا۔ حالانکہ اُن سادہ لوح لوگوں کو یہ معلوم نہیں کہ یہ نعمت خدا تعالیٰ کی ہے۔ اور مرد کامل اوسکے

حکم سے اوسی شخص کو دینے کے مامور ہیں۔ جنکے واسطہ وہاں سے منظوری ہو۔ اس میں سے اپنا قریبی پیارا حد درجہ کا خدمتگذار فرمانبردار کوئی بھی بلا عنایت خداوندی حصہ نہیں پا سکتا۔ اسواسطے اِن لوگوں کو عامیوں سے بڑھکر اسکے حصول میں کوشش واجب ہے +

۱۷- جو شخص چاہے کہ پیشوا مجھہ سے راضی ہوں۔ اسکو واجب ہے۔ کہ اپنے تمام آرادے اپنی تمام اُمیدیں اور آرزوئیں جمیع خواہشیں ایک اوسی کی ذات میں فانی کردے۔ اور آپ مثل مُردہ کے جو غسال کے ہاتھہ میں ہوتا ہے۔ اوسی ایک ذات مرشد کے ہاتھہ میں ہو جائے۔ اس عمل سے بہت جلدی وہ راضی ہو جائینگے۔ اور جب وہ راضی ہو گئے تو خداتعالیٰ و رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہٖ وسلّم بھی اس سے راضی ہو گئے۔ جب خداتعالیٰ راضی ہو گیا۔ تو اسکی تمام مخلوق بھی اُس سے راضی ہو گئی۔ ایک کا مقبول تمام جہان کے مقبول ہو جانیکا یہ طریقہ ہے۔ ایک کا مردود تمام جہان کا مردود انکی نافرمانی اور اُن سے عداوت وکینہ رکھنے کے طفیل ہوتا ہے۔ کسی نے سچ فرمایا ہے۔ ؎

چوں کو کردی ذات مُرشد را قبول۔ ہم خدا آمد و ہم ذاتِ رسُول +

ترجمہ۔ کر لیا جب دِل سے مُرشد کو قبول۔ آگیا اللہ بھی اور اسکا رسُول +

۱۸- فرمایا ہے اللہ جل جلالہٗ نے حدیث قدسی میں۔ اَنَا عِنْدَ الظَّنِّ عَبْدِیْ بِیْ ترجمہ (یعنی میں اپنے بندے کے ساتھہ اسکی گمان کے موافق ہوں) تو لازم ہے کہ اس راستہ میں پڑکر اسکی قدوس ذات کے ساتھہ ہمیشہ وہردم گمان نیک رکھو۔ اپنی نالائق عقل اور ناقص سمجھہ کے موافق اسکی ذات

کے ساتھ گمان نہ قائم کرلیا کرو - ورنہ وہ قادر ہے - جیسے بھی تم کمینے اور رذیل گمان اُسکے ساتھ رکھوگے - وہ ویسا ہی کمینہ اور رذیل تمکو بنادیگا +

۱۹ - جب تم نے اِس راستہ سلوک کو اختیار کرلیا - تو واجب ہے کہ ہمّت عالی رکھو - پست ہمتی اور کم ظرفی نہ اختیار کرو - تاکہ خدا تعالےٰ اور مرشد کامل تمکو تمہاری عالی ہمتی کے طفیل اعلےٰ مدارج سے فیضیاب کریں - کم حوصلگی اور سفلہ پن تم اہل دنیا کے حوالے کردو - فقیر کا حوصلہ عالی ہونا چاہئیے اور طلب صادق کامل +

۲۰ - مرید مُرشد کے آئینہ میں خدا تعالیٰ کو دیکھتا ہے - اور مرشد کامل مرید کے آئینہ میں اپنے آپ کو - یعنی مخلص مرید کا دِل جب مرشد کی تمام صفات سے رنگین ہو جائے - تو مرشد اِس معنے سے مرید کے دلمیں اپنے آپ کو دیکھتے ہیں - اور مرشد چونکہ تمام مظہرِ ذات جلشانہ ہیں - مرید اُنکے آئینہ دل میں ذاتِ احدیّت کا معائینہ کرتا ہے -

۲۱ - کبھی کوئی مرید کامل نہیں ہو سکتا - تاوقتیکہ پیشوا کے غصہ اور رنج اور لطف و محبت کا ذائقہ نہ چکھ لے - اسواسطے پیشوائے کامل کا غصّہ رحمت الٰہی ہے - بشرطیکہ ایسی حالت میں مرید کو خدا تعالیٰ توفیق انانیت کے زائل کرنے اور اپنے دل میں عجز و انکساری و خاکساری کے بڑھانے کے عطا فرمائے سو ایسے وقت میں اسکی کوشش کیا کرو -

۲۲ - طریقت و حقیقت دونو شریعت کے خادم ہیں - اور شریعت مخدوم - عام لوگ مخدوم ہی سے تمام کام لینے کو فخر سمجھ رہے ہیں - اور خادموں کو

مخدوم کے شامل کرنے سے جی چُراتے ہیں۔ حالانکہ جب تک مخدوم کیساتھ
خادم شامل نہوں۔ مخدوم خادموں کی تمام ادنے کاموں کو انجام دینے سے مجبور
ہے۔ اسی واسطے پابندی شریعت بلا طریقت و حقیقت کے پوری نہیں ہوسکتی
سو شریعت کے خادموں کو پہلے حاصل کرنا تکمیل شریعت کیلئے فرض اولیٰ ہوُا۔
اور طریقت و حقیقت سلوک سے حاصل ہوتے ہیں۔ لہذا سلوک کا حاصل کرنا
تکمیل شریعت کے واسطے ہر مسلمان پر فرض ہے۔ اور اسیواسطے نفس و شیطان
اِس راستہ کے قطعی دشمن ہیں۔ اور حتی الامکان ادھر آنے والوں کو روکتے
اور ہٹاتے ہیں۔ سو لازم ہے کہ اہل سلوک اِنکے فریبوں اور مکروں سے ہر طرح خبردار رہیں
۲۳۔ جب خدا تعالےٰ تمکو اِن مقامات عالیہ میں مشرف فرمائے۔ تو تمہارا فرض ہے
کہ اِس شکریہ میں نعمت خدا میں سے تم اپنے چھوٹے بھائیوں یعنی پیر بھائیوں پر جو
تمہارے سے نیچے کے مقامات میں ہیں۔ محض رضا الٰہی کے واسطے بلا کسی طمع
نفسانی کے ایثار کرو۔ وہ اسطرح پر ہوتا ہے۔ کہ اپنے اچھے اور نیک نمونے انکو
دکھلاؤ۔ اور وقتاً فوقتاً نصائح سے۔ اور اگر وہ مائل ہو جائیں۔ تو فیضان سے انکو
راستہ پر لانے کی اور تربیت کرنے کی کوشش کرو۔ تاکہ خدا تعالےٰ اُنکی دعاؤں کے
طفیل اور ادائے شکریہ کے باعث تم پر ازدیاد نعمت فرماکر تمکو اعلےٰ مدارج پر پہنچائے
۲۴۔ جس بستی یا گاؤں میں چند پیر بھائی رہتے ہوں۔ انمیں جو بڑھا ہوُا یا کچھ
سمجھہ بوجھہ والا ہو۔ چاہیئے کہ ایک وقت مقرر کرکے جو تمام کاموں سے فالتو
ہو۔ اسکے ہاں جمع ہو جایا کریں۔ اور وہ تصوف کی کوئی کتاب اُنکو سنایا کرے
یا اگر کچھہ بھی نہ ہوسکے۔ تو بجائے قصہ کہانیوں وغیرہ کے اپنے مرشد مدظلہٗ کے اوصاف

حمیدہ کی کم سے کم آدھ گھنٹہ روز مرہ بلاناغہ باتیں عین دلی محبت وشوق کے ساتھ کرلیا کریں۔ اس فعل کی مداومت سے دیکھو۔ انشاء اللہ تعالےٰ سبکی کیا حالت ہوگی۔

مقامات حقائق الٰہیہ

یہ چار ہیں۔ حقیقت کعبہ[۱]۔ حقیقت قرآن[۲]۔ حقیقت صلوٰۃ[۳] معبودیت صرفہ[۴]۔ جب حق سبحانہٗ تعالےٰ وتقدس تمکو ان مقامات میں داخل فرمائے۔ تو چاہئے۔ کہ کثرت تلاوت کلام مجید اور ادائے نوافل کو بہت لازم پکڑے اور ہر وقت نماز میں حضوری کے مراقبہ کا بیحد خیال چاہئے۔ اور جس ورد کو اسوقت دل قبول کرے۔ اسکو خوب کرتا رہے۔ یعنی اگر اسبوع شریف میں لذت آئے تو اسکو خوب غور سے ترجمہ کے ساتھ پڑھے۔ اور اگر حزب البحر میں مزہ آئے تو اسی کو ترجمہ اچھیطرح سمجھکر ہوا مع سے دیکھکر پڑھتا رہے۔ علےٰ ہذالقیاس جس ورد پر دل مائل ہو۔ اسیکو کرتے۔ اور جسوقت دل میں خدشات وغیرہ معلوم ہوں۔ استغفار کی کثرت کرے۔ اور وقتاً فوقتاً ادعیات کو عین حضوری کے ساتھ پڑھ لیا کرے۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ[۱] اَسْئَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِیَةَ فِی الدِّیْنِ وَالدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ ۝

اَللّٰهُمَّ[۲] اسْتُرْنَا بِسِتْرِكَ الْجَمِیْلِ ۝

اَللّٰهُمَّ[۳] اِنِّیْ اَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ وَبِمُعَافَاتِكَ مِنْ عُقُوْبَتِكَ ۝

اَللّٰهُمَّ[۴] اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْحَوْرِ بَعْدَ الْكَوْرِ ۝

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ رِضَاءً لَّا تَسْخَطُ بَعْدَہٗ اَبَدًا ط

مراقبہ احدیت سے لیکر اپنے مقام تک ہمیشہ مراقبہ طویل کیا کرو۔ اور اسکی لذت کو غور سے ملاحظہ کرتے رہو۔ محبت دنیا و مافیہا کو کوشش و سعی کے ساتھہ دل سے دور کرنے میں دھیان رکھو۔ ثبات اور استقلال کے ساتھہ اپنے خیال میں لگے رہو۔ بکواس بہت کم کرو۔ نہ اہل دنیا کے بکواس کیطرف خیال کرو چاہے وہ تمکو پاگل کہیں۔ جہلا بیوقوف بتائیں۔ تم صبر و تحمل اور سکون و اطمینان کے ساتھہ سنو۔ اور کچھہ جواب نہ دو۔ دلمیں نرمی جد و جہد کے ساتھہ پیدا کرو۔ فقہ اور دینیات کی کتابوں کو دیکھو۔ اور ہر فعل میں اتباع سنت کی سخت کوشش کرو۔ اپنے اندر سے بہائم خصائل کو دور کرو۔ اور اگر تم کو انکشافات وغیرہ ظاہر ہوں۔ تو کسی پر مت ظاہر کرو۔ دل ہی دل میں انکی صحت و غیر صحت کو دیکھتے رہو۔ اگر زیادہ صحیح ہوں اور کم غیر صحیح تب بھی اظہار نہ کرو۔ اور نہ ان انکشافات پر مغرور ہو۔ اور شیخی میں اتراؤ اور فخر کرتے لوگوں سے تعریفیں کرانیکی پیچھے پڑو۔ مقصود آگے دور ہے۔ وہاں کا ہر وقت دلمیں خیال جمائے رکھو۔ یہ امور مقصود حقیقی نہیں ہیں۔ انکشاف کے زمانہ میں اس دعاء کا اکثر ورد رکھو۔ اَللّٰهُمَّ اَرِنَا حَقَّ الْاَشْیَاءِ كَمَا هِیَ ط وَجَنِّبْنَا عَنِ الْاِشْتِغَالِ بِالْمَلَاهِیِ ط

حقائق انبیاء علیہم السلام

یہ بھی چار ہیں۔ حقیقت ابراہیمی [۱]۔ حقیقت موسوی [۲]۔ حقیقت محمدی [۳]

حقیقت احمدیؐ - جب اللہ تعالیٰ عز اسمہٗ بطفیل خاک نعلین حضرت مرشد مدظلہ العالی تمکو اِن مقامات میں عروج مرحمت فرمائے تو لازم ہے۔ کہ اسوقت درود شریف کی بے حد کثرت کرے۔ اور دلائل الخیرات اسی ترتیب کے ساتھ ہمیشہ بلاناغہ پڑھتا رہے۔ جیساکہ ترتیب وظیفہ شریف میں حضرت شاہ غلام علیشاہ صاحب قطب عالم امام المتقین نقشبندی قادری رحمتہ اللہ علیہ کا مروّج ہے۔ اور درود شریف یعنی اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ وَبِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ مِّاءَۃَ اَلْفِ اَلْفِ مَرَّۃٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ وَصَلِّ عَلَیْہِ پانچہزار سے کم نہ ہر روز پڑھے۔ حالات بزرگان سلسلہ و دیگر سلاسل کو بہت پڑھتا رہے۔ اور تمام سلاسل کے بزرگان کے ساتھ محبت بڑھائے اور غور سے انکے حالات و مجاہدات میں فکر کر کے خیال کرے۔ کہ خدا تعالےٰ نے اس مرد کامل کی جوتیوں کے طفیل تجھکو یہ بیحد دولت مفت بلا محنت و مجاہدہ و ریاضت اِس قلیل عرصہ میں عطا فرمائی۔ ورنہ تو مسکین اس نعمت کے قابل کہاں تھا۔ محض اُسکا فضل و احسان ہے۔ اور بیحد شکریہ باریتعالےٰ عز شانہٗ و مرشد کامل کا دل سے عین خلوص سے کرے۔ اور اکثر اوقات میں اسی خیال و شکریہ کو بہت بجالاتا رہے۔ اس سے نعمت کی زیادتی ہوتی ہے۔ اور پیشوا کی محبت بڑھتی ہے۔ جو موجب ہے ترقیات عالیہ کی۔ اور حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کو دلمیں کوشش کے ساتھ بڑھائے۔ یہانتک کہ مراقبہ میں حضور ہر دم نظر کے سامنے رہیں۔ اسوقت حالات و سیر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو

بہت دیکھتا رہے - اور ہر حالت پر آنجناب کے غور و تفکر بہت کرے - آپکے
عشقیہ مناقبوں کو پڑھے - اور دل میں عشق آنحضور کی آگ کو روشن کرے - اور
اتباع سنت پر ہر دم ہر لحظ نظر رکھے - ایک ذرہ برابر سنّت کے خلاف نہونے
پائے - اگر کوئی خفیف حرکت بھی خلاف سنت ہو جائے تو فوراً وہی استغفار پڑھو -
جو مقامات ولائیت علیا میں درج کیا گیا ہے +
یہ سلوک ہے - جو یہانتک ختم ہو جاتا ہے - ابھی تک صرف راستہ قطع ہوا ہے
جو مقصود اس سلوک سے ہے - وہ آگے ہے - اور ہر شخص کے فہم سے عقل
سے سمجھ سے دانائی سے وہ وراء الورا ہے - وہاں کی کوئی بات نہ تحریر میں آسکتی
ہے نہ زبان اسکو ادا کرنے پر قادر ہے - ہمّت مضبوط کرو - اور آگے قدم رکھو - مرد بنو
نامردی و کم حوصلگی نہ کرو - خدا تعالےٰ نے اپنی عین رحمت و تفضل سے ہمکو پیر کامل
عطا فرمایا ہوا ہے - اسکی رحیم ذات سے امید کامل رکھو - کہ وہ تمکو ضرور ایک دن نہ ایکدن
منزل مقصود پر پہونچا دینگے - بشرطیکہ تم اُنپر اپنا یقین کامل اور انکے آداب
و شرائط طریقہ پر بھی عملدرآمد کرو +

حب صرفہٖ و لاتعیّن وغیرہ

اِن مقامات میں تمام ذکر و شغل چھوٹ جاتے ہیں - محض عشق الٰہی بندہ کا یار ہوتا ہے
اِن مقاموں میں عشق خداوندی کو خوب قوّت دو اور اپنی تمام ہمّت اسطرف صرف کرو - نہ
تم خود رہو نہ دنیا نہ عقبیٰ کوئی چیز غیر اللہ تمہاری نظر کے سامنے نہ رہے - صرف وہی
ایک ذات ہو - اور اسی ذات قدیم میں اپنے جذبہ عشق کی مدد سے تم سیر کرو - کوئی
خیال غیر اللہ تمہارے دل میں نہ رہے - نہ کوئی خوشی رہے نہ غم نہ خوف دوزخ ہو

نہ تمنائے جنت و حور و قصور سب تمہاری نظر سے اٹھ جائے۔ اور تمہاری تمام آرزوئیں تمہاری تمام ہمتیں و کوششیں نیست و نابود ہو کر صرف اسی ذات کا سب کچھ باقی رہے۔ اور تمہارا کچھ بھی نظر میں تمکو معلوم ندے۔ جب خدا تعالے تمپر اپنے فضل و احسان سے یہ دروازہ کہولدے تو تم کوشش کے ساتھ اسکو بڑھاؤ اور اپنے آپ کو اس ذات میں فانی کردو۔ اور رفتہ رفتہ وصل خداوندی سے آپ اور اگر وہ حکم دے تو جہان کو سیراب کردو۔

بانچواں باب

اسناد ختم ہائے ہر چہار سلاسل عالیہ معمول خواجۂ پاک سیدنا محبوب عالم شاہ مدظلہ العالی

صاحب سلسلہ اصحاب اور با اجازت اصحاب کو ختم خواجگان کی مداومت فوائد کثیرہ کا باعث ہے۔ جملہ خواجگان سلاسل کی متوجگی اسی کے سبب حاصل ہوتی ہے۔ اور ختم شریف حضرات خواجگان پاک سے فیوضات باطنی کی کثرت اور ہر معاملہ میں مشکلکشائی نصیب ہوتی ہے۔

طریق خواندن ختم شریف حسب ذیل ہے!

ختم شریف مجددی

درود شریف یکصد بار - اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ ؕ

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ پانصد بار +

بعدہ درود شریف مذکورہ بالا یکصد بار

ختم شریف نقشبندی

الحمد شریف ۷ بار - درود شریف سوبار - الم نشرح ۷۹ بار

قل شریف ہزار بار - درود شریف سوبار - الحمد شریف ۷ بار -

یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ ۱۰۰ بار یَا کَافِیَ الْمُهِمَّاتِ ۱۰۰ بار

یَا دَافِعَ الْبَلِیَّاتِ ۱۰۰ بار یَا شَافِیَ الْاَمْرَاضِ ۱۰۰ بار

یَا حَلَّ الْمُشْکِلَاتِ ۱۰۰ بار یَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ ۱۰۰ بار

یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ ۱۰۰ بار یَا رَافِعَ الدَّرَجَاتِ ۱۰۰ بار

یَا مُجِیْبَ الدَّعْوَاتِ ۱۰۰ بار یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ۱۰۰ بار

ختم شریف قادریہ

درود شریف ۱۱۱ بار - کلمہ تمجید ۱۱۱ بار - شَیْئًا لِلّٰهِ یا شیخ عبد القادر جیلانی ۱۱۱ بار

سورۃ یٰسین شریف ایکبار - درود شریف ۱۱۱ بار -

ختم شریف چشتیہ

اول و آخر درود شریف ۷ بار۔ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ط لَا مَلْجَاءَ وَلَا مَنْجَاءَ مِنْهُ اِلَّا اِلَيْهِ ط ۳۶۰ بار سورۃ اَلَمْ نَشْرَحْ ۳۶۰ بار۔ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ط لَا مَلْجَاءَ وَلَا مَنْجَاءَ مِنْهُ اِلَّا اِلَيْهِ ط ۳۶۰ بار۔

مُسبعات عشر متعلقہ ولایت صُغریٰ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ط اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ط اٰمِيْن ط سات دفعہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ

النَّاسِ ۙ اِلٰهِ النَّاسِ ۙ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ۙ
الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّةِ
وَالنَّاسِ ۔ سات دفعہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ وَمِنْ
شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی
الْعُقَدِ ۙ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۔ سات دفعہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ
قُلْ هُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۚ اللّٰہُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ یَلِدْ ۙ وَلَمْ یُوْلَدْ
وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۔ سات دفعہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ قُلْ یٰۤاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۙ لَاۤ
اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۙ وَلَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ ۚ
وَلَاۤ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۙ وَلَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ
مَاۤ اَعْبُدُ ؕ لَكُمْ دِیْنُكُمْ وَلِیَ دِیْنِ ۔ سات دفعہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ اَللّٰہُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ
اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا
فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِیْ
یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ
وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ

إِلَّا بِمَا شَاءَ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ وَلَا يَؤُدُهُ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ لَا إِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ قَد تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوتِ وَيُؤْمِنْ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى لَا انْفِصَامَ لَهَا وَاللّٰهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا يُخْرِجُهُم مِّنَ الظُّلُمٰتِ إِلَى النُّوْرِ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوا أَوْلِيٰٓئُهُمُ الطَّاغُوتُ يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ إِلَى الظُّلُمَاتِ أُولٰٓئِكَ أَصْحٰبُ النَّارِ هُمْ فِيهَا خٰلِدُوْنَ سات دفعہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ سات دفعہ

عَدَدَ مَا عَلِمَ اللّٰهُ وَزِنَةَ مَا عَلِمَ اللّٰهُ وَمِلْاءَ مَا عَلِمَ اللّٰهُ ثَلٰثًا تَبَرَّءْتُ مِنْ حَوْلِيْ وَقُوَّتِيْ وَالْجَأْتُ إِلٰى حَوْلِ اللّٰهِ وَلَا قُوَّتِهٖ فِيْ جَمِيْعِ اُمُوْرِيْ ایک دفعہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَنَبِيِّكَ وَحَبِيْبِكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ سات دفعہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَارْحَمْھُمَا کَمَا رَبَّیَانِیْ صَغِیْرًا وَّاغْفِرِ اللّٰھُمَّ لِجَمِیْعِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمٰتِ اَلْاَحْیَاءِ مِنْھُمْ وَالْاَمْوَاتِ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۔ سات دفعہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَللّٰھُمَّ یَا رَبِّ افْعَلْ بِیْ وَبِھِمْ عَاجِلًا وَّاٰجِلًا فِی الدِّیْنِ وَالدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ مَا اَنْتَ لَهٗ اَھْلٌ وَّلَا تَفْعَلْ بِنَا یَا مَوْلَانَا مَا نَحْنُ لَهٗ اَھْلٌ اِنَّكَ غَفُوْرٌ حَلِیْمٌ جَوَادٌ کَرِیْمٌ مَّلِكٌ بَرٌّ رَّءُوْفٌ رَّحِیْمٌ سات دفعہ اَللّٰھُمَّ اھْدِنِیْ بِرَاْفَتِكَ یَا نَافِعُ یَا رَافِعُ وَتَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ چھ دفعہ

یَا جَبَّارُ اکیس دفعہ

بالخیر تمت سبع عشر

شجرہ شریف عالیہ

خاندان نقشبندیہ مجددیہ توکلیہ محبوبیہ رحمتہ اللہ علیہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

رحم کر ہم پر خدا ذاتِ خدا کیواسطے
شافعِ اُمّت محمد مصطفےٰ کیواسطے

بہرِ بوبکرؓ و عمرؓ عثمانؓ علیؓ اصحاب کُل
اہلبیت حسنینؓ حضرت مصطفےٰ کیواسطے

نفسِ امّارہ کے پھندے سے بچا پروردگار
حضرتِ صدیق اکبرؓ بوالوفا کے واسطے

اُلفتِ حق حُبِّ احمدؐ میں رہوں ثابت قدم
حضرتِ سلمان فارس باخدا کیواسطے

مجھ کو مکروہاتِ دنیاوی سے تو محفوظ رکھ
حضرتِ قاسم سراج الاولیا کیواسطے

تشنہ لب ہوں جامِ وحدت سے مجھے سیراب کر
جعفرِ صادق امام الاتقیا کے واسطے

کر فنا فی اللہ مجھکو بہرِ حضرت بایزید
اُس ولیِ طالبِ ذاتِ خدا کیواسطے

روز و شب ہو یاد تیری اے کریم کارساز
بوالحسن خرقانیِ بدر دجےٰ کے واسطے

مجھ غریبِ خستہ دل کی دستگیری ہے ضرور
قاسمِ گورگانی نور الہدےٰ کے واسطے

ہمّتِ عالی عطا فرما مجھے یا ذوالجلال
بوعلی صاحب دل پارسا کے واسطے

کر رہیجا کسطرح سرمست جامِ بیخودی
خواجہ یوسف ہمدانی شمس دیں کیواسطے

بہرِ چشم بصیرت کھولدے یارب کریم
عبد خالق غجدوانی مقتدا کے واسطے

سختیِ سکرات کو آسان کرنا ای رحیم
اُس محمد عارف خضیاء کے واسطے

گور میری نور سے بھر نا خدائے ذوالکرام
کیا عجب گر پرسشِ منکر نکیر آسان ہو
مومنوں میں حشر ہو میرا جنابِ کبریا
آفتابِ حشر میں مجھ پر ہو سایہ عرش کا
نامۂ اعمال مجھکو ہاتھ سیدھے میں ملے
پلہ نیکی ہو سنگین عدل کے میزان میں
عیب پوشی حشر میں کرنا میری ستّار تو
برق کی مانند طے ہو جائے راہِ پلصراط
جامِ کوثر دے پلا دستِ محمدؐ سے مجھے
اور ہوں فردوس میں ہمسایۂ حضرت نبیؐ
ہووے اہل اللہ میں یا رب وہاں میرا شمار
بعد اسکے ہو وہاں دیدار رب مجھکو نصیب
آتشِ دوزخ کا ہو مجھکو نہ کچھ خوف و خطر
دین دنیا میں مجھے خوش حال رکھنا اے خدا
کر زباں کو سیف میرے قلب کو پرنور کر
اتباعِ شرع میں ثابت قدم رکھنا مجھے
نورِ دل سے ہو بدن روشن میرا فانوس وار
نورِ عرفاں سے میرا دل کر منوّر اے خدا
جو میرے فرزند ہوں سب ہوں تقی و پارسا

حضرتِ محمود انجیر اولیاء کے واسطے
بو علی رامیتنی بوالعلےٰ کے واسطے
بابا سماسی محمدؐ خوش ادا کے واسطے
حضرتِ میر کلالِ اولیاء کے واسطے
شہ بہاؤالدین تاج الاولیاء کے واسطے
شہ علاؤالدین شمس الاولیا کے واسطے
خواجۂ یعقوب چرخی باوفا کے واسطے
شہ عبیداللہ احرار اولیاء کے واسطے
اِس محمدؐ زاہدِ صاحب رضا کے واسطے
خواجہ درویشِ محمدؐ پُر ضیاء کے واسطے
خواجہ اُمکنگی ولی صاحب شفا کے واسطے
باقی باللہ مقبول الدعاء کے واسطے
شہ مجدد الف ثانی ذوالعطا کی واسطے
حضرتِ معصوم مرشد رہنما کے واسطے
خواجہ سیف الدین تاج الاتقیاء کی واسطے
خواجہ عابد نقشبندی پارسا کے واسطے
شہ محمد محسن نور الہدےٰ کے واسطے
حضرتِ نور محمد اولیا کے واسطے
میرزا جان جاناں پیشوا کے واسطے

بابِ رحمت کھول دے مجھ پر خداوندِ غفور
شہ غلامِ با علی صاحب ہدیٰ کے واسطے

ذکرِ حق ہو روز و شب مونس مرا ای ذوالمنن
بو سعیدِ اولیا نجم الہدیٰ کے واسطے

جز خیالِ نورِ حق کچھ دل میں گنجائش نہ ہو
شاہِ مولانا شریف الاولیاء کے واسطے

حافظِ حاجی محمد شاہ محمود الملقب
آرزو بر لا میری اس پارسا کے واسطے

شاہ قادر بخش خواجہ خواجگانِ حق کے شہید
بخشدے مجھکو خدا اُس مقتداء کے واسطے

تیرے در پر آ پڑا ہوں اپنا کر لے اب مجھے
شہ توکل شاہ پیرِ رہنما کے واسطے

دو جہاں کی کل مرادیں میری بر لا یا خدا
خواجۂ محبوبِ عالم پیشوا کے واسطے

تمت بالخیر شجرہ شریف

قطعہ تاریخ بزبان عربی کتاب مستطاب مجموعہ وظائف

یعنی محبوب السلوک مصنفہ مقدسہ عالم ربانی فاضل حقانی خواجہ محبوب عالم شاہ صاحب توکلی رحمۃ اللہ علیہ

از منصوب خاکسار ذرہ بے مقدار خادم دربار محبوبی مسکین فتح محمد اختر مدرس مجیٹھہ ضلع امرتسر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اِنَّ ھٰذَا الْکِتَابَ مَجْمُوْعَۃٌ — جَامِعُ الْوِرْدِ صَاحِبُ الْاَذْکَارِ
قَائِدُ الْخَیْرِ فَائِزُ الْعِرْفَانِ — مَانِعُ الشَّرِّ کَاشِفُ الْاَسْرَارِ
نَاصِحُ الْحَقِّ کَامِلُ الْاَکْمَلِ — صَالِحُ الْعَمَلِ طَیِّبُ الْاَذْکَارِ
وَاصِلُ الْحَقِّ مُوْصِلُ الْاِرْشَادِ — بَاسِطُ الْفَضْلِ زِیْنَۃُ الْاَبْرَارِ
رَاحَۃُ الْقَلْبِ طَیِّبَۃُ الْفُقَرِ — قَانِعُ الْفَقْرِ جَامِعُ الْاَخْبَارِ
فَالِقُ الظُّلَمِ نَافِعُ الْبَاطِنِ — مَجْمَعُ الْفَیْضِ لَامِعُ الْاَنْوَارِ
دَافِعُ الْکَرْبِ شَافِی الْاَمْرَاضِ — نُزْہَتُ الْقَلْبِ رَاحَۃُ الْاَبْصَارِ
نُسْخَۃُ مَحْبُوْبُ تُحْفَۃُ الْمَرْغُوْبِ — مَخْزَنُ الذِّکْرِ مَعْدَنُ الْاَفْکَارِ
مِنْ تَصَانِیْفِ حَضْرَتِ الْمَحْبُوْبِ — خَوَاجَہ مَحْبُوْبِ عَالَمِ الْاَسْرَارِ
کَتَبَ اَخْتَرْ لِعَامِ طَبْعِہٖ — مَنْبَعُ الذِّکْرِ مَظْہَرُ الْاَفْکَارِ

قَالَہُ الْحَقُّ تُحْفَۃُ الْمَحْبُوْبِ
حُجَّتِیْ حَقٌّ لَمْعَتِیْ اَنْوَارٌ

سنہ ۱۳۳۲ ہجری المقدس

قطعہ بزبان فارسی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

زیبِ عرفاں دار محبوب السّلوک — شاہد و دلدار محبوب السّلوک
افسرِ زیبندۂ معنے ....دل — رہنماء رہوار محبوب السّلوک
حاصلِ سرمایۂ صاحبدلاں — سرمۂ ابصار محبوب السّلوک
رہنمائے لطف وافضالِ الٰہ — جامع الافکار محبوب السّلوک
غنچۂ جاں بخش بہرِ عاشقاں — مژدۂ انوار محبوب السّلوک
شمسِ عرفاں انجم و قمرِ منیر — داروئے آزار محبوب السّلوک
دلکشائے بستگانِ راہِ فقر — راحت الابصار محبوب السّلوک
نور بخشِ صدر و ہم قلبِ سیاہ — سر بسر انوار محبوب السّلوک
نورِ طورِ قلبِ ہر اہلِ سلوک — حرزِ ہر جاندار محبوب السّلوک
روحِ جسمِ معرفت است ایں کتاب — داروئے بیمار محبوب السّلوک
عارف و سالک را درمانِ شکوک — مقصدِ دلدار محبوب السّلوک
جملگی امراضِ باطن را علاج — ابرِ رحمت بار محبوب السّلوک
بس ضیائے گمرہان و رہرواں — مشعلِ انوار محبوب السّلوک

ہاتفِ دل گفت اختر سالِ طبع
گو مجمع الاذکار محبوب السّلوک

سنہ ۱۳۳۷ھ ہجری المقدس

اعلان

واضح ہو کہ حضرت مصنف رحمتہ اللہ علیہ دام اللہ برکاتہ
نے اپنی کمال شفقت و مہربانی سے اس دُرِ بےبہا مخزن الاصفیاء کتابِ وظائف
محبوب السلوک بلکہ جملہ تصانیف عالیہ کے جملہ حقوق تصانیف بتوسل
وصایا اِس خاکسار ذرہ بے مقدار سجّادہ نشین دربار گوہر بار سیدوی
رحمتہ اللہ برادرِ خورد حقیقی مصنّف معظّم کو حضرت
خواجہ محبوب عالم شاہ صاحب
قدس اللہ سرہ العزیز رحمتہ اللہ علیہ سیّد ہاشمی توکلی
سیدوی رحمتہ اللہ علیہ سے پہنچے ہیں۔ لہٰذا اطلاع
دیجاتی ہے۔ کہ کوئی صاحب بلا اجازت تحریری دستخط و مُہر مصنّف
اس دربار کی کوئی کتاب طبع کرا سکنے مجاز نہیں۔ بلا ثبت
مُہر و دستخط خاکسار مال مسروقہ تصوّر ہوگا۔ جسقدر
جلدیں مطلوب ہوں بپتہ ذیل سے طلب کریں

الراقم

خاکسار مولوی **نور عالم شاہ** سجّادہ نشین دربار گوہر بار سیدہ شریف
ڈاکخانہ خاص تحصیل پھالیہ ضلع گجرات (پنجاب)